سوال

(1234) ولادت کے وقت بچے کا سر نہ مونڈنا بیماری کی وجہ سے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بچے کی ولادت ہوئی مگر اس کی بیماری وغیرہ کی وجہ سے اس کا سر نہیں مونڈا جا سکا اور نہ بالوں ہی کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کی جا سکی ہے اور اب وہ پنتالیس دن کا ہو گیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بچے کا عقیقہ کر دیا جائے (اور سر بھی منڈوایا جائے) امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ساتویں دن کا بیان تعیین کے لیے نہیں ہے، یہ صرف ترجیح و اختیار کے لیے ہے۔ اور بالوں کا وزن اس مدت میں کوئی زیادہ نہیں ہوا ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 873

محدث فتویٰ